| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: پودے

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پودے کے مختلف حصوں (جڑ، تنا اور پھول) کی شناخت اور ان کے افعال بتا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "پودے" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

اپنے ارد گرد کون کون سے پودے دیکھتے ہیں۔

طلبہ سے پودوں اور درختوں کے فوائد پوچھیں۔ طلبہ کو بولنے کا موقع دیں۔ طلبہ کو بتائیں اس سبق میں وہ پودے کے حصول کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 33 سے متن پڑھنے کو کہیں اور مشکل پیش آنے پر ان رہنمائی کریں۔
- مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو پودوں کے فلیش کارڈز دکھائیں۔
- ہماری زندگی میں پودوں کی بہت اہمیت ہے یہ ہمیں سانس لینے کے لیے آکسیجن اور کھانے کے لیے پھل سبزیاں دیتی ہے۔
- طلبہ کو پودوں کے مختلف حصے دکھاتے ہوئے ان کے نام بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ پودوں کے حصے کس طرح ایک دوسرے سے مختلف دکھائی دیتے ہیں۔

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 33 پر دی گئی تصویر دکھائیں اور بتائیں اس تصویر میں پودے کے مختلف حصے ہیں۔ جو مختلف کام سرانجام دیتے ہیں۔
- پودے کے حصے: ♦ جڑ ♦ تنا ♦ پتا ♦ پھول
- انھیں بتائیں تنے سے حاصل ہونے والا پانی ٹہنیوں اور پتوں کو پہنچاتا ہے۔
- انھیں بتائیں جڑ زمین کے اندر پائی جاتی ہے اور یہ پانی اور نمکیات جذب کرتی ہے۔
- اسی طرح پتوں میں پودے کی خوراک بنتی ہے۔ پتوں کو فوڈ فیکٹریز بھی کہتے ہیں۔
- طلبہ کو پھولوں کے بارے میں بتائیں کہ کچھ پودوں میں پھول بیج بنتے ہیں۔ پھول پودوں اور ماحول کی خوبصورتی میں بھی اضافہ کرتا ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| نمکیات | نَمکی۔یات | زمین کے اندر مادے جو پودے کی بڑھوتری کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔ |
| بونا | بَونا | مٹی میں دبانا |
| اُگنا | اُگ۔نا | (پودے) کا زمین سے نکلنا |
| سینکڑوں | سینک۔ڑوں | بہت زیادہ/کئی سو |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (i) اور (ii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ (پودے کے حصوں کے نام لکھیں)۔


**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو گروہ کی صورت میں تقسیم کریں اور ان سے کہیں مختلف قسم کے پتے چارٹ پر رکھیں اور ان کا خاکہ بنا کر ان میں رنگ بھریں۔ سرگرمی میں طلبہ کی مدد کریں۔

# ورک شیٹ(ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام:__________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: پودے |

سوال 1: پودے کے حصوں کے نام لکھیں۔



| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: پودے

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پتوں کی مختلف اشکال کی شناخت کر سکیں۔
- ان جڑوں کی شناخت کر سکیں جو لوگ کھاتے ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''پودے'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- پودوں کے مختلف حصوں کے نام بتائیں۔

طلبہ کو بولنے کا بھرپور موقع دیں اور اِن کی حوصلہ افزائی کریں۔

طلبہ سے کہیں کہ آج وہ سبق ''پودے'' پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر پودوں کے مختلف حصوں کی تصاویر بناتے ہوئے ان کے نام لکھیں۔
- طلبہ کو پودوں کے ہر حصے کے کام کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو جڑ اور تنے کی اہمیت اور افعال کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 34 سے 35 تک متن پڑھنے کو کہیں اور مشکل پیش آنے پر رہنمائی کریں۔
- انھیں بتائیں کچھ پودوں کے پتے لمبوترے، چوڑے اور بیضوی شکل کے ہوتے ہیں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز کی مدد سے پتوں کی مختلف اشکال دکھائیں اور ان کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہماری خوراک کا زیادہ تر حصہ پودوں سے حاصل ہوتا ہے۔ ان پودوں میں گاجر، مولی، شلجم اور چقندر وغیرہ شامل ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اشکال | اَش۔کال | شکل کی جمع |
| جڑ | ج۔ڑ | درخت کا وہ حصہ جو زمین کے اندر رہوتا ہے |

**اعادہ:** 2منٹ

آج کا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو (ا) کا سوال (iii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ مکمل کریں۔




**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

سکول میں شجرکاری کا ہفتہ منائیں جس میں اساتذہ کرام کی مدد سے پودے لگائیں۔


## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: پودے |
|---|---|---|

**سوال 1: جن پودوں کی جڑیں ہم کھاتے ہیں ان پر " ✓ " کا نشان لگائیں۔**





| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: پودے

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اپنے ارد گرد موجود پھول دار اور غیر پھول دار پودوں کے نام بتا سکیں۔
- شناخت کر سکیں کہ کس پھل میں بیج ہوتا ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "پودے" نمایاں کر کے لکھیں۔ طلبہ سے پودوں کے مختلف حصوں کے نام اور ان کے کام پوچھیں۔ ان سے کہیں کہ پودوں کے مختلف حصوں کے کاموں کی ایک فہرست بنائیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ کون سی جڑیں ہم کھانے میں استعمال کرتے ہیں۔ طلبہ کو بتائیں اس سبق میں وہ غیر پھول دار اور پھول دار پودوں کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 35 سے متن پڑھنے کو کہیں اور مشکل پیش آنے پر ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے بتائیں جن پودوں پر پھول لگتے ہیں پھول دار پودے کہلاتے ہیں۔ ان پھول دار پودوں میں گلاب، چنبیلی کے پھول شامل ہیں۔
- طلبہ کو کتاب میں دی ہوئی تصویر دکھائیں اور بتائیں ان میں کونسے پودے پھول دار ہیں۔
- طلبہ کو غیر پھول دار کے بارے میں بتائیں۔ یہ وہ پودے ہیں جن پر پھول نہیں لگتے۔ ان پودوں میں نہ پھول بنتے ہیں اور نہ ہی بیج۔ ان غیر پھول دار پودوں میں پودینہ، دھنیہ وغیرہ شامل ہیں۔

- انھیں بتائیں پھل پودے اہم حصہ ہے جسے ہم بطور خوراک استعمال کرتے ہیں زیادہ تر پھلوں میں بیج پائے جاتے ہیں اور کچھ پھل بغیر بیج کے بھی ہوتے ہیں مثلاً کیلا اور چھوٹا انگور وغیرہ۔
- پھل ہماری صحت کے لیے بہت مفید ہوتے ہیں۔
- کچھ پھل تو ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے بیج لوگ شوق سے کھاتے ہیں۔
- انھیں بتائیں پھل سے بہت سی بیماریوں سے نجات ملتی ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| حِصَّہ | حِص۔ صَہ | کسی ایک حصے یا مجموعہ اشیا کا |
| تعداد | تع۔ داد | گنتی/شمار |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کا خلاصہ پیش کریں اور طلبہ سے کہیں کہ سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

کوئی سے تین پھلوں کے نام جن میں بیج ہوتے ہیں۔

آپ کا پسندیدہ پھل کونسا ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کروائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اپنے ارد گرد کا مشاہدہ کریں کہ کونسے پودے پھول دار ہیں اور کونسے غیر پھول دار؟ اساتذہ کی مدد سے ان کے نام بتائیں۔